© rasailojaraid.com



# اخبار الوفاق

ادارہ

**مدارس وجامعات کے سالانہ اجتماعات میں ناظمِ اعلیٰ وفاق المدارس کی شرکت:......** وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے ناظمِ اعلیٰ مولانا محمد حنیف جالندھری نے درج ذیل تفصیل کے مطابق مُلک کے متعدد دینی مدارس وجامعات کے سالانہ اجتماعات اور صحیح بخاری شریف کی آخری حدیث کے درس کی تقریبات میں شرکت کی اور علم کی فضیلت، علماء کا مقام اور ذمہ داریاں، دینی مدارس کی ضرورت واہمیت، دینی مدارس کی خدمات، عالم اسلام اور وطن عزیز پاکستان کو درپیش مسائل اور اُن کا حل، جیسے موضوعات پر خطابات کیے۔

☆......۹ رجب ۱۴۳۴ھ/۲۰ مئی ۲۰۱۳ء بروز پیر بعد نماز مغرب، جامعہ نعمانیہ نظامیہ قدیر آباد ملتان

☆......۱۰ رجب ۱۴۳۴ھ/۲۱ مئی ۲۰۱۳ء بروز منگل بعد نماز عشاء، جامعہ فاروقیہ شجاع آباد

☆......۱۱ رجب ۱۴۳۴ھ/۲۲ مئی ۲۰۱۳ء بروز بدھ بعد نماز عشاء، جامعہ خیر المدارس ملتان

☆......۱۲ رجب ۱۴۳۴ھ/۲۳ مئی ۲۰۱۳ء بروز جمعرات بعد نماز عشاء، جامعہ قادریہ حنفیہ ملتان

☆......۱۳ رجب ۱۴۳۴ھ/۲۴ مئی ۲۰۱۳ء بروز جمعۃ المبارک بعد نماز مغرب، جامعہ اسلامیہ باب العلوم کہروڑ پکا

☆......۱۴ رجب ۱۴۳۴ھ/۲۵ مئی ۲۰۱۳ء بروز ہفتہ، جامعہ فاروقیہ راولپنڈی

☆......۱۵ رجب ۱۴۳۴ھ/۲۶ مئی ۲۰۱۳ء بروز اتوار دن ۱۱ بجے، جامعہ محمدیہ واہ کینٹ (راولپنڈی)

☆......۱۵ رجب ۱۴۳۴ھ/۲۶ مئی ۲۰۱۳ء بروز اتوار بعد نماز عصر، جامعۃ الخیر جوہر ٹاؤن لاہور

☆......۱۶ رجب ۱۴۳۴ھ/۲۷ مئی ۲۰۱۳ء بروز پیر بعد نماز ظہر، مدرسہ اظہار الاسلام چکوال

☆......۱۹ رجب ۱۴۳۴ھ/۳۰ مئی ۲۰۱۳ء بروز جمعرات بعد نماز عشاء، جامعہ اسلامیہ اشاعۃ القرآن والحدیث لاڑکانہ

☆......۲۰ رجب ۱۴۳۴ھ/۳۱ مئی ۲۰۱۳ء بروز جمعۃ المبارک قبل از جمعہ، جامع مسجد اللہ والی بندر روڈ سکھر

☆۲۰ رجب ۱۴۳۴ھ/۳۱ مئی ۲۰۱۳ء بروز جمعۃ المبارک بعد نماز عصر ادارہ "مرکز اسلام" سکھر

☆۲۰ رجب ۱۴۳۴ھ/۳۱ مئی ۲۰۱۳ء بروز جمعۃ المبارک بعد نماز عشاء، ادارۃ الفرقان جامع مسجد اللہ والی سکھر



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

**حضرت مولانا فضل الرحمٰن صاحب مدظلہم العالی سے ملاقات:**......۱۰/رجب ۱۴۳۴ھ/۲۱/مئی ۲۰۱۳ء بروز منگل دن گیارہ بجے قائد جمعیت علمائے اسلام حضرت مولانا فضل الرحمٰن صاحب مدظلہ سے اسلام آباد میں ان کی رہائش گاہ پر ملاقات کی، جس میں ملک کی موجودہ صورتحال اور جمعیت علمائے اسلام اور متوقع قائم ہونے والی حکومت کے نمائندگان کے درمیان جاری مذکرات میں جمعیت کی طرف سے دی گئی ترجیحات کی روشنی میں مشاورت کی اور حضرت مولانا فضل الرحمٰن صاحب مدظلہ کو انتخابات میں کامیابی پر مبارک باد دی۔

**اسلامی نظریاتی کونسل پاکستان کے سیمینار اور اجلاس میں شرکت:**

☆......۱۰/رجب ۱۴۳۴ھ/۲۱/مئی ۲۰۱۳ء بروز منگل: اسلامی نظریاتی کونسل کے زیر اہتمام منعقدہ ''نصابِ تعلیم کی علمی وفکری ونظریاتی بنیادیں'' کی ایک نشست میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی اور اس موضوع پر ایک جامع خطاب کیا۔

☆......۱۷/رجب ۱۴۳۴ھ/۲۸/مئی ۲۰۱۳ء بروز منگل: اسلامی نظریاتی کونسل پاکستان کے دوروزہ اجلاس میں شرکت کی اور اسی روز سعودی سفارت خانہ اسلام آباد میں سعودی عرب کے نائب سفیر محترم جناب فضیلۃ الشیخ بدر ابراہیم العتیبی سے ان کے دفتر میں مولانا محمد عبدالقدوس محمدی کے ہمراہ ملاقات کی۔

☆......۱۸/رجب ۱۴۳۴ھ/۲۹/مئی ۲۰۱۳ء بروز بدھ: اسلامی نظریاتی کونسل کے اجلاس میں شرکت کی اور اسی روز شام کے وقت ڈی سی او ملتان سے ملاقات کی اور مختلف امور پر تبادلۂ خیال کیا۔

☆......اسی روز وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے زیر انتظام شعبہ حفظ کے سالانہ امتحانات کی نگرانی کی۔

**صدرِ وفاق شیخ الحدیث حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب زید مجدہم اور حضرت مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب وحضرت مولانا مفتی محمد تقی عثمانی صاحب سے ملاقات:**

۱۹/رجب ۱۴۳۴ھ/۳۰/مئی ۲۰۱۳ء بروز جمعرات، حضرت ناظم اعلیٰ صاحب کراچی تشریف لے گئے اور جامعہ فاروقیہ کراچی میں وفاق المدارس کے صدر، شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد سلیم اللہ خان صاحب دامت برکاتہم سے وفاق سے متعلقہ امور پر مشاورت کی، بعدازاں جامعہ دارالعلوم کورنگی کراچی میں حضرت مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب اور حضرت مولانا مفتی محمد تقی عثمانی صاحب زید مجدہما سے ملاقات اور مختلف امور پر مشاورت کی اور تبادلۂ خیال فرمایا۔

**عارف باللہ حضرت مولانا حکیم محمد اختر ؒ کی وفات پر تعزیت:**......۲۵/رجب ۱۴۳۴ھ/۵/جون ۲۰۱۳ء بروز بدھ: عارف باللہ، ولی کامل حضرت مولانا حکیم محمد اختر ؒ (جامعہ اشرف المدارس کراچی کے بانی) کی وفات پر حضرت ؒ کے صاحبزادہ مولانا حکیم محمد مظہر صاحب اور جامعہ اشرف المدارس کے بزرگ اساتذہ کرام سے تعزیت کی۔

**وفاق المدارس کے امتحانی مراکز کا معائنہ:**......۲۸/رجب ۱۴۳۴ھ/۸/جون ۲۰۱۳ء بروز ہفتہ: ملک بھر میں وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے سالانہ امتحانات شروع ہوئے اور ہفتہ کے دن ملتان شہر کے مختلف امتحانی مراکز کا معائنہ فرمایا۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

☆......۳/شعبان المعظم ۱۴۳۴ھ/۱۳/جون ۲۰۱۳ء بروز جمعرات: ڈی سی او ملتان جناب گلزار حسین شاہ صاحب جامعہ خیرالمدارس میں تشریف لائے، جہاں انہوں نے جامعہ میں امتحانی سینٹر اور مختلف شعبہ جات کا معائنہ کیا اور حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری زید مجدہم سے لائبریری میں ملاقات کی، جہاں حضرت ناظم اعلیٰ صاحب نے ڈی سی او صاحب کو وفاق المدارس کے تحت ہونے والے سالانہ امتحانات کے سلسلہ میں بریفنگ دی اور ڈی سی او صاحب نے بھی دینی مدارس بالخصوص وفاق المدارس کی دینی وملی خدمات کو سراہا، اس موقع پر جامعہ کے ناظم اعلیٰ مولانا نجم الحق صاحب، حضرات اساتذہ کرام کے علاوہ حضرت مولانا محمد نواز صاحب، مولانا زبیر احمد صدیقی، مولانا عبدالحق مجاہد، سید خورشید عباس گردیزی، مولانا سلطان محمود ضیاء اور مولانا انوارالحق مجاہد بھی شریک تھے۔

**وفاق المدارس کے امتحانات کے بعد مارکنگ کا آغاز بتاریخ ۷ شعبان ۱۴۳۴ھ مطابق ۱۷ جون ۲۰۱۳ء بروز پیر**

☆......وفاق المدارس العربیہ کے سالانہ امتحانات 1434ھ، پرچوں کی جانچ پڑتال کا عمل شروع۔

☆......ایک ہزار ممتاز علماء کرام اور شیوخ الحدیث کی جامعہ خیرالمدارس ملتان آمد۔

☆......طلباء وطالبات قوم کے مستقبل کے محافظ وامین ہیں۔

☆......دینی مدارس کے امتحانات کا پُر امن ہونا، ان کے پُر امن ہونے کی واضح نشانی ہے۔

ان خیالات کا اظہار جامعہ خیرالمدارس ملتان میں ملک بھر سے آئے ہوئے وفاق کے ممتحنین کے افتتاحی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ناظمِ اعلیٰ وفاق المدارس العربیہ پاکستان مولانا قاری محمد حنیف جالندھری نے اپنے خطاب میں کیا۔

اجلاس کی صدارت صدر الوفاق شیخ الحدیث مولانا سلیم اللہ خان دامت برکاتہم نے کی اس موقع پر مجلس عاملہ و امتحانی کمیٹی کے اراکین مولانا ارشاد احمد، مولانا مفتی کفایت اللہ، مولانا قاضی محمود الحسن، مولانا رشید اشرف، مولانا امداد اللہ، مولانا مفتی اصلاح الدین، مولانا محمد، مولانا محمد انور، مولانا محمد زبیر احمد صدیقی، مولانا عبدالرزاق اور مولانا محمد نواز سمیت ممتحنینِ اعلیٰ اور ممتحنین ومعاونین کی ایک ہزار سے زائد تعداد بھی موجود تھی۔

مولانا قاری محمد حنیف جالندھری نے اپنے خطاب میں وفاق المدارس کے امتحانات کی اہمیت، پرچوں کی جانچ پڑتال کے اصول وضوابط، طلباء کے حقوق کے تحفظ، علماء کرام کا مقام اور مرتبہ بیان کرتے ہوئے کہا کہ اس سال وفاق کے امتحان میں دو لاکھ سینتیس ہزار ایک سو ستتر (2,37,177) طلباء وطالبات نے شرکت کی ہے۔ ممتحنین نے ان طلباء وطالبات کے مستقبل کا فیصلہ کرنا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ وفاق المدارس اس وقت عالمی حیثیت اختیار کر چکا ہے فضلاءِ وفاق دنیا بھر میں دینی خدمات انجام دے رہے ہیں، وفاق کا نظامِ امتحان دنیا بھر میں منفرد ہے۔ ان شاء اللہ تین ہفتوں میں نتائج کا عمل مکمل کر لیا جائے گا۔ اس موقع پر صدر وفاق نے اپنے اختتامی خطاب میں وفاق المدارس پاکستان کی خدمات اور تاریخ بیان فرماتے ہوئے فرمایا وفاق اکابرین کی امانت ہے اس امانت کی حفاظت کرنا ہم سب کی ذمہ داری ہے۔.........☆



© rasailojaraid.com